# نماز کے بعد پریر میٹ Prayer mat کا کونا لپیٹنا کیسا؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللہِ

الاستفتاء کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں کئی مساجد میں ایمہ کو دیکھا ہے کہ وہ نماز پڑھانے کے بعد مصلی کا کونا لپیٹ دیتے ہیں ۔ بعض لوگ گھر وں میں بھی ایسا کرتے ہیں اور کہتے کہ شیطان نماز نہ پڑھ لے ۔ کیا شیطان بھی نماز پڑھتا ہے۔ اور یہ جائے نماز کا کونا لپیٹنا ضروری ہے ؟

سائل عبداللہ انگلینڈ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

ایمہ مساجد اور گھر وں میں لوگوں کا نماز پڑھنے کے بعد مصلی Prayer mat کا کونا لپیٹنا جائز و بہتر ہے مگر ضروری نہیں ۔ اس کا ثبوت ان تمام احادیث سے ہوسکتا ہے جن میں بیان کیا گیا کہ کپڑے کو استعمال کرنے کے بعد لپیٹ دیا جائے ۔ ہاں اس بات کی کوئی حقیقت نہیں کہ مصلی کے کونا کو لپیٹنا اس وجہ سے ہے کہ شیطان نماز نہ پڑھ لے ۔ زیادہ بہتر یہ ہے کہ پورا مصلی لپیٹا جائے تاکہ احادیث پر کماحقہ عمل ہوسکے جن میں موجود ہے کہ استعمال کے بعد کپڑے کو لپیٹ دیا جائے شیطان کے استعمال کے لیے نہ چھوڑا جائے ۔

جیساکہ المعجم الاوسط میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کی ہے **قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «اطْوُوا ثِيَابَكُمْ تَرْجِعُ إِلَيْهَا أَرْوَاحُهَا، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ إِذَا وَجَدَ الثَّوْبَ مَطْوِيًّا لَمْ يَلْبَسْهُ، وَإِذَا وَجَدَهُ مَنْشُورًا لَبِسَهُ** رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں، کپڑے لپیٹ دیا کرو کہ ان کی جان میں جان آجائے اس لئے کہ شیطان جس کپڑے کو لپٹا ہوا دیکھتا ہے اسے نہیں پہنتا اور جسے پھیلا ہوا پاتا ہے اسے پہنتا ہے۔

العجم الاوسط حدیث نمبر ۵۶۹۸ مکتبہ المعارف ، الریاض ۶ ۳۲۸

اور کنزالعمال میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا **"الشياطين يستمتعون بثيابكم، فإذا نزع أحدكم ثوبه فليطوه حتى ترجع إليها أنفاسها، فإن الشيطان لا يلبس ثوبا مطويا"**شیطان تمہارے کپڑے اپنے استعمال میں لاتے ہیں تو کپڑا اتار کر تہہ کر دیا کرو کہ اس کا دام راست ہوجائے کہ شیطان تَہہ کئے کپڑے نہیں پہنتا۔

کنز العمال بحوالہ ابن عساکر الباب الثالث فی اللباس منشورات مکتبۃ التراث الاسلامی بیروت ۱۵ ۲۹۹

امام اہلسنت امام احمد رضاخان علیہ رحمۃ الرحمن ایسے ہی ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ان احادیث سے اُس نماز کے بعد مصلی کے کونا لپیٹنے کی اصل نکل سکتی ہے اور پورا لپیٹ دینا بہتر ہے۔واللہ تعالٰی اعلم۔

فتاوی رضویہ ج ۶ ص ۲۰۸

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

**خادمِ دارالافتاء یوکے**

Date:02-05-2020

**How is to fold the corner of a prayer mat after Salāh?**

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰه

**QUESTION:**

**What do the scholars of Islām and Jurists of the Sacred Law state regarding the following issue: I have seen many Imāms in several Masjids turning over the corner of the prayer mat after leading the prayer - some people do the same thing at home and say that it is so that the Devil [Satan] does not pray Salāh. Does Satan also pray Salāh, and is it essential to fold the corner of the prayer mat?**

Questioner: Abdullah from England

**ANSWER:**

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَهَّاب اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِيَ النُّوْرَ وَالصَّوَاب

After people praying Salāh in Masjids or at home, it is permissible and better to fold the prayer mat but it is not essential. The proof for this can be established from the Hadīths in which it has been mentioned to fold clothes after using them. Yes, there is no reality to the matter of not folding the corner of the prayer mat resulting in Satan praying Salāh. It is better to completely fold the whole entire prayer mat in full so that one may act upon the Hadīths how they ought to be and deserve to be acted upon in which it is mentioned that a cloth should be folded after use; it should not be left for the Devil to use.

Just as there is a narration by the respected Jābir Ibn ‘Abdullāh - may Allāh Almighty be pleased with him - in al-Mu’jam al-Awsat;

"قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «اطْوُوا ثِيَابَكُمْ تَرْجِعُ إِلَيْهَا أَرْوَاحُهَا، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ إِذَا وَجَدَ الثَّوْبَ مَطْوِيًّا لَمْ يَلْبَسْهُ، وَإِذَا وَجَدَهُ مَنْشُورًا لَبِسَهُ"

“The Noble Messenger of Allāh Almighty ﷺ states, ‘You should fold your clothes such that the clothes feel comfort because the Devil does not wear the clothes that he sees as folded, and he uses those that he sees left spread out unfolded.’”

[al-Mu’jam al-Awsat, vol. 6, p. 328, Hadīth no. 5698]

And it is stated in Kanz al-Ummāl that the Noble Messenger of Allāh ﷺ stated,

" الشياطين يستمتعون بثيابكم، فإذا نزع أحدكم ثوبه فليطوه حتى ترجع إليها أنفاسها، فإن الشيطان لا يلبس ثوبا مطويا"

“The devils use your clothes, so you should fold your clothes when you remove them so that they are right and level in essence because the Devil does not use folded clothes.”

[Kanz al-‘Ummāl - with reference to - Ibn ‘Asākir - vol. 15, part 3, p. 299]

The Imām of the Ahl al-Sunnah, Imām Ahmad Ridā Khān - upon whom be mercies - actually mentions in the answer to a question, stating that the essence of that (i.e. folding the corner of a prayer mat after Salāh) can be derived from those Hadīths, and it is better to fold them in full.

[Fatāwā Ridawiyyah, vol. 6, p. 308]

والله تعالى أعلم ورسوله أعلم صلى الله عليه وآله وسلم
كتبه أبو الحسن محمد قاسم ضياء القادري

**Answered by Muftī Qāsim Ziyā al-Qādirī**
Translated by Haider Ali